سوال

کیا خاوند کے لیے جائز ہے کہ وہ بیوی کی زچگی کے وقت اس کے پاس رہے اور اس کا مشاھدہ کرے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

جی ہاں زچگی کے وقت خاوند اپنی بیوی کے پاس رہ سکتا ہے، اس لیے کہ بیوی کا جسم دیکھنا خاوند کے لیے جائز ہے جس میں کسی قسم کا کوئی استثناء نہیں جیسا کہ حدیث میں ہے :

انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ :

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور امہات المومنین میں سے کوئی ایک آپ دونوں غسل جنابت ایک ہی برتن سے کرتے تھے) صحیح بخاری حدیث نمبر (264) ۔

تو اس بنا پر خاوند بیوی کی حالت زچگی میں اس کے پاس رہ سکتا ہے، جبکہ وہاں کوئی اور اجنبی عورت نہ ہو جس کا پردہ کرنا اس مرد سے ضروری ہو۔

واللہ اعلم.

الشیخ محمد صالح المنجد

9550